مسافرانِ آخرت

ادارہ

دارالعلوم دیوبند کے مہتمم مولانا مرغوب الرحمٰن کا سانحہ ارتحال: عالم اسلام کی مشہور دینی درس گاہ دارالعلوم دیوبند کے مہتمم حضرت مولانا مرغوب الرحمٰن طویل علالت کے بعد 9 دسمبر 2010ء کو اپنے آبائی علاقہ ضلع بجنور بھارت میں انتقال فرما گئے۔آپ کی عمر 100 سال تھی۔آپ گزشتہ 30 سال سے دارالعلوم دیوبند کے مہتمم کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے۔

آپ کا شمار عالم اسلام کی برگزیدہ شخصیات میں ہوتا تھا، آپ اپنے علمی، اخلاقی اور روحانی اوصاف کی بنا پر ایک معروف اور غیر متنازع شخصیت کے طور پر مشہور تھے۔مولانا مرغوب الرحمٰن نے 1932ء میں دارالعلوم دیوبند سے فراغت حاصل کی، 1962ء میں دارالعلوم کی مجلس شوریٰ کے ممبر منتخب ہوئے۔1982ء میں آپ کو دارالعلوم دیوبند کا مہتمم نامزد کیا گیا۔آپ نے اپنے دور اہتمام میں دارالعلوم دیوبند کو علمی، تعمیراتی اور دیگر کئی شعبوں میں ترقی کی راہ پر گامزن کیا۔نظام تعلیم میں اصلاحات کر کے جدید علوم کو دارالعلوم کے نصاب میں شامل کیا اور کئی نئے تعلیمی شعبے قائم کیے۔

آپ کی رحلت عالم اسلام کے لیے ایک بہت بڑا صدمہ ہے اور آپ کی رحلت سے پیدا ہونے والا خلا شاید آئندہ پُر نہ کیا جا سکے، اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت کاملہ فرمائے۔آمین

حضرت مولانا نور محمد صاحب آف وانا کی شہادت: 12 رمضان المبارک ۱۴۳۱ھ بمطابق 23 اگست 2010ء کو حضرت مولانا نور محمد صاحب درس قرآن سے فراغت کے بعد اپنی مسجد کے صحن میں خودکش دھماکہ سے شہید ہوگئے، انا للہ وانا الیہ راجعون۔

حضرت مولانا نور محمدؒ دسمبر 1936ء میں گاؤں مکی بیزن خیل ضلع بنوں میں پیدا ہوئے، آپ نے ابتدائی تعلیم اپنے